Email:editorwilayattimes@gmail.com


ہفتہ روزہ

# ولایت ٹائمز

سرینگر

جلد:1 ★★ شمارہ:03 ★★ تاریخ:15جون 2015 تا 21جون 2015★★قیمت:5 روپے


# کشمیر کی مادری زبان کو فروغ دینے میں آج تک کی حکومتیں ناکام



5



3

اسلام دشمن عناصر کی تخلیق میں موساد اور سی آئی اے کا کردار واضح اور نمایاں

حقیقی نجات دہندہ کے اوصاف پر مبنی حاکموں کو برسر اقتدار آنا ہوگا تو تبھی اصلی اور حقیقی نجات دہندہ آئیں گے

4

کسی کو بھی امن میں رخنہ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی



6

# باقیات

## باغبانی صنعت

اور پلوامہ سر کولر روڑ کے درمیان ایک ذیلی سڑک تعمیر کی جارہی ہے تا کہ منڈی کیلئے متبادل سڑک رابطہ سہولیت بہم رکھی جاسکے۔ ستمبر سیلاب سے بری طرح متاثرہ زیر تعمیر شوپیاں فروٹ منڈی کے معائینے کے دوران مفتی سعید نے ڈپٹی کمشنر اور آبپاشی و فلڈ کنٹرول کے چیف انجینئر کو فروٹمنڈی کو محفوظ بنانے کے لئے حفاظتی دیوا کی تعمیر کے لئے پروجیکٹ مرتب کرنے کی ہدایت دی۔ مفتی محمد سعید نے وزیر باغبانی اے آر ویری کو میوہ فصل کو مختلف بیماریوں بشمول سکیب وغیرہ سے بچاؤ اور جراثیم کش ادویات کے معیار کے تجزیہ کے لئے خصوصی موبائل سکارڈوں کو متحرک کرنے کے لئے کہا۔ وزیر اعلیٰ نے ہال ٹرانزٹ اکاموڈیشن میں رہائش پذیر کشمیری پنڈٹ ملازموں کے ساتھ بھی تبادلہ خیال کیا، جنہوں نے رہائشی جگہ کی تنگی، مناسب دیکھ ریکھ کا فقدان، ڈرنیج اور حفظان صحت، تنخواہوں کی واگذاری میں تعطل، بجلی کی بلا خلل ترسیل او راحاطے کی دیوار بندی سے متعلق مسائل ان کے گوش گذار کئے۔ وزیر اعلیٰ نے انہیں یقین دلایا کہ ان کی مانگوں پر غور کیا جائے گااور ان کے مسائل ترجیحاتی بنیاد پر حل کئے جائیں گے۔ انہوں نے کالونی کے احاطے کی دیوار بندی کرنے، بچوں کے لئے ابتدائی سکول اور ایک ڈسپنسری کے قیام کی ہدایات موقعہ پر ہی جاری کیں۔ وزیر برائے خزانہ ڈاکٹر حسیب درابو جو کہ حلقہ انتخاب کے رکن اسمبلی بھی ہیں نے اپنے سی ڈی ایف میں سے کالونی میں اے ٹی ایم کونٹر کے قیام کااعلان کیا۔ ڈاکٹر درابو جن کے پاس ثقافت کا قلمدان بھی ہے، نے وزیر اعلیٰ کو مطلع کیا کہ ہال کو ایک ماڈل ہیرٹیج دیہات کے طور پر ترقی دی جارہی ہے۔ مفتی محمد سعید نے کہا کہ دیہات کو ترقی دیتے وقت موجودہ ڈھانچوں کے روایتی طرز تعمیر کو قائم رکھا جائے اور علاقے کی دیدہ ذیبی کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں۔ گورنمنٹ ہائیر سکینڈری سکول کیگام کے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ نے طلاب سے خطاب کرتے ہوئے ان کی بے پناہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ دسویں جماعت کے امتحانات کے نتائج میں ترال کی طالبہ کے اول آنے پر انہیں بے پناہ خوشی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم نوجوانوں کے لئے بہتر ملازمت کے حصول کاذریعہ بھی بننی چاہیئے۔ انہوں نے موجودہ دور کو علم و فضل کا دور قرار دیا۔ مفتی سعید نے متعلقہ حکام کو سکول کے پرنسپل کی خالی اسامی کو فوری طور پر پُر کرنیکی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ کمپیوٹر لیب کو چالو کرنے کے ادارے کو کمپیوٹر فراہم کئے جائیں گے تا کہ طلاب ای۔ لرننگ سے متعارف کئے جاسکیں۔ انہوں نے سکول احاطے اور کلاس روموں کا بھی معائینہ کیا۔ کیگام میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مفتی نے رشوت ستانی کے خلاف صف آرا ہونے پر زور دیا۔ دریں اثناء وزیر مملکت برائے صحت عامہ اے ایم پڈر، رکن پارلیمان نذیر احمد لاوے، ایم ایل اے پلوامہ خلیل بند، ایم ایل اے شوپیان یوسف بٹ، ایم ایل اے وچی اعجاز احمد، ایم ایل اے دیوسر ایم امین بٹ، ایم ایل سی ظفر منہاس، جموں یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر امیتاب مٹو، ڈائریکٹر ٹورازم وایم ڈی جے کے ٹی ڈی سی فاروق شاہ، وزیر اعلیٰ کے سیکرٹری ایم ایچ ملک اور پلوامہ، شوپیاں و گولگام اضلاع کے ضلع ترقیاتی کمشنرز بھی وزیر کے ہمراہ تھے۔

## داعش کا جھنڈا لہرانا

کشمیر کے ساتھ کوئی لینا دینا نہیں ہے اور کشمیری عوام کسی بین الاقوامی پروگرام کے بجائے اپنے حق خودارادیت کے لیے ایک اصولی جدوجہد کررہے ہیں۔ اقوامِ متحدہ کے ساتھ پوری عالمی برادری ہماری جدوجہد کو ایک جائز اور مبنی برحق جدوجہد تسلیم کرتی ہے اور بھارت کی لاکھ کوششوں کے باوجود دنیا آج تک یہ بات ماننے کے لیے تیار نہیں ہے کہ کشمیر دہشت گردی یا فرقہ واریت کا کوئی مسئلہ ہے۔ انہوں نے البتہ کہا کہ جو نوجوان مظاہروں میں ’’داعش‘‘ اور اس طرح کی دوسری تنظیموں کے جھنڈے لہراتے ہیں، انہیں ٹھنڈے دل ودماغ سے غور کرنا چاہیے کہ اس سے ہمیں کیا فائدہ ہوسکتا ہے۔ اُلٹا یہ بھارت کے ہاتھ میں ایک ہتھیار آجاتا ہے اور اس کے ذریعے سے وہ ہماری تحریک کو بُرا نام دینے کی کوشش کرتا ہے۔ آزادی پسند راہنما نے کہا کہ جو قوم نظم وضبط اور حکمت ودانش کا استعمال نہیں کرتی ہے، وہ اپنے کاز کو نہ چاہتے ہوئے بھی نقصان پہنچاتی ہے اور اس طرح سے اس کی منزل نزدیک آنے کے بجائے دُور ہوجاتی ہے۔ دریں اثنا حریت چیرمین سید علی گیلانی نے اپنے علاوہ تحریک حریت جنرل سکریٹری محمد اشرف صحرائی، حریت ترجمان ایاز اکبر اور صدرِ ضلع سرینگر و گاندربل راجہ معراج الدین کی گھرمیں مسلسل نظربندی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہاہے کہ حکومت ہمارے پُرامن پروگراموں کو بھی برداشت نہیں کرتی ہے اور مفتی محمد سعید کی ’’نظریات کی لڑائی‘‘ والے نعرے کو ہمیشہ کے لیے دفن کردیا گیاہے۔

## امن میں رخنہ

سیکورٹی ایجنسیاں امن وامان کی بحالی کو ترجیحی بنیادوں پر رکھے ہوئے ہیں اور امن وامان میں رخنہ ڈالنے والوں کو بخشا نہیں جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ تازہ ہلاکتوں کے حوالے سے سوپور اور اس کے ملحقہ علاقوں میں جو صورتحال پیدا ہوگئی ہے اور میں لوگوں سے میری یہ استدعا ہے کہ وہ نہ گھبرائیں بلکہ پولیس اور سیکورٹی ایجنسیوں کی مدد کریں تا کہ وہ اس صورتحال کو امن میں بدل سکیں۔ وادی میں دھمکی آمیز پوسٹروں اور حملوں کے بعد شمالی کشمیر میں پیداشدہ خوف ہراس کی لہر کے حوالے سے ڈائریکٹر جنرل پولیس نے کہا کہ یہ عارضی سلسلہ ہوسکتاہے اور پولیس اور سیکورٹی ایجنسیاں امن دشمن عناصر کی سرکوبی کیلئے کمر بستہ ہوچکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی وارداتوں میں جو کوئی بھی ملوث ہوگاان کی نشاندہی کی جائیگی اور عوامی عدالت میں انہیں لایا جائیگا۔ ڈائریکٹر جنرل پولیس نے مواصلاتی ٹاوروں پر حملوں میں براہ راست جنگجوؤں کے ملوث ہونے کاانکشاف کرتے ہوئے کہا کہ یہ ان حملوں میں ریاست میں سر گرم جنگجو ملوث ہیں اور اس سلسلے میں بھی سیکورٹی ایجنسیاں تحقیقات جاری رکھے ہوئے ہیں اور بہت جلد ان لوگوں کو بھی بے نقاب کیا جائیگا۔ الفانیوز سروس کے مطابق انہوں نے کہا کہ مواصلاتی ٹاوروں پر حملوں کے بعد کسی حد تک خوف وہراس پھیل گیا تھا لیکن اب وہ زائل ہوچکا ہے اور کئی جگہوں پر کاروبار بھی شروع ہوگیاہے اور اس صورتحال پر پولیس کی کڑی نگاہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صورتحال کو دیکھتے ہوئے سیکورٹی فورسز کا گشت بھی ٹاوروں والے علاقوں میں بڑھا دیا گیاہے اور ضرورت پڑنے پر انہیں محفوظ سیکورٹی زونوں میں بھی منتقل کیا جاسکتا ہے۔ سوپور میں شہری کی ہلاکت کے بعد سیاسی اور علیحدگی پسند لیڈران کی سیکورٹی میں آضافے کا بھی اشارہ دیتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل پولیس نے کہا کہ تازہ صورتحال کے بعد ایسا محسوس ہورہاہے کہ مین اسٹریم اور علیحدگی پسند لیڈران کی سیکورٹی کا سر نو جائزہ لینا ہوگااور یہ معاملہ پولیس کے زیر غور ہے تا کہ کسی بھی طرح سے امن دشمن عناصر کو کوئی موقعہ فراہم نہ ہو کہ وہ اپنی کاروائیاں انجام دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کواس بات کاپابند بنادیا گیاہے کہ وہ ہر صورت میں چوکس رہیں۔ سرحد پار دراندازی کے حوالے سے ڈائریکٹر جنرل پولیس نے کہا کہ سرحد پار سے دراندازی کی وارداتیں ہورہی ہیں اور اس ضمن میں پولیس بھی کافی حد تک سرگرم ہے جبکہ لائن آف کنٹرول پر فوج کو بھی چوکس رکھا گیاہے۔ انہوں نے کہا کہ فی الوقت ہماری پہلی ترجیح امن وامان ہے۔ انہوں نے دہراتے ہوئے کہا کہ سوپور ہلاکت سے متعلق حقائق چند روز میں منظر عام پر لائے جائیں گے اور دھمکیوں اور حملوں کے بعد مین اسٹریم اور سوپور میں شہری کی ہلاکت کااہم سراغ پولیس کے ہاتھ لگ گیاہے۔ ڈائریکٹر جنرل پولیس نے کہا کہ سوپور ہلاکت کی تحقیقات تیز کردی گئی ہے اور پولیس کواس سلسلے میں اہم سراغ مل گیاہے جس کے بعد آئندہ کچھ ہی دنوں کے اندر اندر حقائق منظر عام پر لائے جائیں گے اور میڈیا کو بھی اس سلسلے میں آگاہ کیا جائیگا۔ ایک اور سوال کے جواب میں ڈائریکٹر جنرل پولیس نے کہا کہ تازہ ہلاکتوں کے بعد مین اسٹریم اور علیحدگی پسند لیڈران کی سیکورٹی کا سر نو جائزہ بھی پولیس کے زیر غور ہے اور ضرورت بڑھنے پر سیکورٹی بڑھائی بھی جاسکتی ہے۔

## پرویز مشرف

میں رکھا تو رینجرس بی ایس ایف کو سنبھلنے کا بھی موقع فراہم نہیں کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پاس بھارت سے بھی زیادہ ایٹمی ہتھیار ہیں اور اگر بھارت نے جارحیت مظاہرہ کیا تو ملک کو بچانے کیلئے پاکستان ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے سے بھی گریز نہیں کرئے گا۔ سابق جنرل پرویز مشرف نے سوالیہ انداز میں کہا کہ ’’پاکستان نے ایٹمی ہتھیار شب برات کے موقعے پر استعمال کیلئے نہیں بنائے ہیں؟۔ مشرف کے مطابق پاکستان نے ہمیشہ بھارت کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کیلئے اقدامات اٹھائیں تاہم :ب سے مرکز میں بی جے پی حکومت نے اقتدار سنبھالا پاکستان کے خلاف آئے روز سخت بیانات دئے جارہے ہیں جو ناقابل برداشت ہے۔

بسلسلہ صفحہ ۴ سے آگے

س) ایک آخری بات اس کے اوپر بھی بات کریں کیونکہ ہمارے پاس اس سیگمنٹ کا ٹائم بھی کم ہے کہ یہ جو ابھی ایکطرف اطلاعات آرہی ہیں کہ ہندوستان کی طرف سے دراندازی کی گئی ہے برما کے اوپر شلنگ ہورہی ہے۔ اور دوسری طرف ہم دیکھتے ہیں کہ گلف کے بعد اور پھر یہ ایشیا کے اندر اور ہر طرف خون بہہ رہاہے اور جس کے پاس طاقت ہے وہ چھوٹے کو کچل رہاہے، بین الاقوامی قوانین کی دھجیاں اڑائی جارہی ہے، کوئی اس کا پاس نہیں کیا جارہاہے۔ ایک ایسے عالم میں ہم دیکھتے ہیں کہ ہماری جو ڈاکٹرائن ہے جو اسلام کی ڈاکٹرائن اور نظریہ ہے امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہٗ شریف کے حوالے سے وہ آئے دن بہترین انداز میں سامنے آرہا ہے کہ اس سے بہتر کوئی چیز اس وقت دنیا کو پیش نہیں کی جاسکتی کہ کس طرح سے اس ظلم سے نجات حاصل کرکے اس کو امن کا گہوارہ بنایا جاسکتا ہے۔ تو میں چاہوں گا کہ اس ڈاکٹرائن کے اوپر آپ بات کریں کہ ان اہل ہنود کے اندر بھی کیا کہ تصور موجود ہے اور تمام جتنے بھی مذاہب ہیں چاہے وہ آسمانی مذہب ہو یا انسانی مذاہب ہو ان کے اندر ایک ایسے نجات دہندہ کی طلب پائی جاتی ہے جو کہ تمام بشریت کو نجات دے گا تو اس میں جو اسلام کی ڈاکٹرائن ہے کہ وہ خالی صرف شیعوں کو بچانے یا مسلمانوں کو نجات دلانے نہیں آرہے ہیں بلکہ وہ تمام بشریت کے لئے نجات دہندہ بنکر آنے والے ہیں۔ میں چاہوں گا کہ اس کے اوپر کچھ تھوڑی سی گفتگو فرمائے؟

ج) جزا ک اللہ جناب سید علی صاحب اللہ آپ کو زور بیان اور زیادہ فرمائے۔ کتنے جامع الفاظ میں آپ نے بہت سارے موضوعات کو گھیرا۔ الحمد اللہ یہ وہ دور ہے کہ جس میں لوگوں کی وہ تشنگی بڑھ گئی ہے۔ ہر کوئی اس امید میں ہے کہ ان حالات میں، جس مخمصے میں انسان گھرا پڑا ہے اور ہر جگہ ہر طرف ظلم دیکھنے کو مل رہاہے ایسے میں ایسا کوئی صالح انسان آئے جو ہمیں انسانوں کو نجات دے۔
ہندوستانی غیر مسلمانوں میں بھی جس طرح ہم مسلمانوں میں خاص کر شیعوں کے درمیان امام مہدی (عج) کا تصور ہے کہ امام مہدی (عج) ظہور کرینگے البتہ اس میں شیعہ واحد نظریہ رکھنے والا مسلک ہے کہ جو اس نجات دہندہ کے بارے میں یہ کہہ رہاہے کہ یہ نجات دہندہ کون ہیں، کس کے فرزند ہیں، کس زمانے میں پیدائش ہوئی ہے اور ابھی عمر کتنی ہے۔ اور اتنا بڑا دعویٰ کوئی اور نہیں کرتا ہے۔ عیسائی بھی کہتے ہیں کہ یسوع آئیں گے مسیح آئیں گے اور ہندو بھی تو الٰہی ادیان سے پیچھے نہیں ہیں وہ بھی اس سے زیادہ بہت ہی گھمبیر طریقے سے اس سلسلے میں اپنے فلسفے کو بیان کرتے ہیں وہ اس دور کو ’’کل یو گ‘‘ اور آخری نجات دہندہ کو ’’کلکی اوتار‘‘ کہتے ہیں اس حوالے سے ایک کتاب شائع ہوچکی ہے جو کہ ہندوستان کے بہت بڑے گھیانی پنڈت وید پرکاش جی صاحب نے ’’محمد کلکی اوتار‘‘ کے عنوان سے تحریر کی ہے تو وہ اس میں اپنی تمام ویدوں کا حوالہ دیتے ہیں کہ ہر زمانے میں ہندو کا یہ عقیدہ تھا کہ ’’کلکی اوتار‘‘ تمام انسانوں کو نجات اور انصاف دیں گے اور علائم ظہور کی نشاندہی کی گئی ہے۔ مگر کیونکہ ان کی معلومات بہت کم ہیں اور پیغمبر آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور وصی آخر الزمان حضرت امام زمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کو پہچاننے میں شک میں پڑ گئے ہیں کہ آنحضرت 14 سو سال پہلے آئے ہیں اور دنیا میں ابھی بھی ظلم و ناانصافی حاکم ہے اور آج کا دور سائنس اور ٹیکنالوجی کا ہے اور ’’کلکی اوتار‘‘ گھوڑے پہ سوار ہوکے ظاہر ہوں گے۔ ابھی جو ماڈرن ایج ہے اس میں گھوڑے کی کوئی گنجائش ہے نہیں ابھی تو جہاز وغیرہ کا زمانہ ہے۔ جبکہ ہندو ویداؤں میں ’’کلکی اوتار‘‘ کے حوالے سے پیشن گوئیاں ہوئی ہے وہ امام زمانہ (عج) کے بارے میں بالکل وہی باتیں ہیں جن پر ہمارا ابھی اعتقاد ہے جو انہوں نے ’’محمد کلکی اوتار‘‘ میں لکھا ہے یہ وہی آخری نبی کے آخری وصی اور ہمنام ہیں اور وہ گھوڑے کا ہی استعمال کریں گے اور ان کا گھوڑا دنیا کے مسائل کی شرائط کا جواب کیسے دیں گے وہ انشاء اللہ ظہور کے وقت ہی دیکھنے کو ملے گا۔

س) کیونکہ ہم جیسے اس دور کو عصر ظہور کہتے ہیں وہ اس کو کل یُگ کہتے ہیں کہ جس میں پانی اوپر کے بجائے نیچے سے اٹھنا چاہئے۔

ج) ہاں بالکل وہ عصر حاضر کو کل یُگ کہتے ہیں۔ ان کا بھی یہی عقیدہ ہے کہ دنیا ابھی ان حالات میں کل یُگ میں گزر رہی ہے اب کسی منجی اور نجات دھندہ کو آنا ہے اور ہمارا عقیدہ ہے کہ ظہور کا مقدمہ ولایت فقیہ کا نفاذ ہے اور ولایت فقیہ کا تصور یہی ہے کہ ہر مذہب میں، ہر دین میں دیندار لوگ آگے آنے چاہئے تبھی وہ ظہور کرینگے۔ اگر ہندو انہیں کلکی کہہ رہے ہیں، اگر عیسائی انہیں مسیح کہتے ہیں، اگر سکھ ان کو گرو کہتے ہیں اور ہر دین ومذہب میں ایک نجات دھندہ کی آمد کا انتظار ہے اسلئے اس نجات دہندہ کے اوصاف پر مبنی حاکموں کو بر سر اقتدار آنا ہے تو تبھی اصلی اور حقیقی نجات دہندہ آئیں گے۔ اور یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر جگہ اسلام کی حکومت ہو۔ نہیں ہر مذہب میں جہاں عیسائی رہتے ہیں وہاں بائبل کی حکومت ہو، جہاں ہندو رہتے ہیں وہاں گیتا اور ویدوں کی حکومت ہو، جہاں یہودی ہیں وہاں توریت کی حکومت ہو غرض انسانوں پر الٰہی حکومت حاکم ہو اور ایسے میں سوال پیش آجائے گا کہ کس کا فلسفہ صحیح ہے تو اس وقت ظہور امام زمانہ (عج) ہر چیز کو احاطہ کرے گا اور وہ وعدہ الٰہی جس کی تکمیل کیلئے انبیاء و اوصیا منتظر رہے ہیں اور جو مذہب کے بارے میں سوال کرتے ہیں تشنہ لب ہیں ہر کسی کیلئے جواب ملے گا اور ظلم کا خاتمہ ہوگا اور ہر جگہ انصاف کی حاکمیت ہوگی اور امام معصومؑ نے امام زمانہ (عج) کے دور کے انصاف کے بارے میں یوں فرمایا ہے کہ امام زمانہ عج ظہور کریں گے اور دنیا کو عدل وانصاف سے پُر کرینگے جبکہ وہ ظلم و جور سے پُر ہوا ہوگا۔ امام معصوم اس کی تعبیر یوں کرتے ہیں کہ جس طرح گرمی اور سردی ہر جگہ پہنچتی ہے گھر کے کونے کونے میں پہنچتی ہے اسی طرح عدل وانصاف سماج کے ہر ذرے میں نفوذ کر جائے گی دنیا کے ذرہ ذرہ پر انصاف کی حکومت حکم فرما ہوجائے گی۔ اور اس سے پتہ چلتا ہے کہ کتنا ہی جامع اور کثیر الجہت امام زمانہ (عج) کا ظہور ہوگا اور اسی لئے ہر انسان اس ظہور کا تشنہ ہے کہ کب وہ ظہور کرینگے اور انسان کو انصاف کے سایے میں زندگی کرنے کا شرف حاصل ہوگا۔

## امریکی زیر قیادت اتحاد داعش کے خلاف جنگ میں سنجیدہ نہیں/عما حکیم

بغداد/نیوز نور: عراقی اعلیٰ اسلامی کونسل کے سربراہ نے نام نہاد امریکی زیر قیادت داعش مخالف اتحاد پر اپنے خدشات ظاہر کرتے ہوئے کہاہے کہ یہ اتحاد ایک غیر مؤثر فوجی اتحاد ہے۔عالمی اردو خبر رساں ادارے "نیوز نور" کی رپورٹ کے مطابق عراقی اعلیٰ اسلامی کونسل کے سربراہ "سید عمار حکیم" نے کہاہے کہ ہم داعش کے خلاف بین الاقوامی حکمت عملی سے مطمئن نیں ہے اور ہمیں محسوس ہوتاہے کہ داعش مخالف اس اتحاد میں شامل اکثر ممالک اس گروہ

# اسلام دشمن عناصر کی تخلیق میں موساد اور سی آئی اے کا کردار واضح اور نمایاں/ فلسطینی رہنما

غزہ/نیوز نور: فلسطینی کی تحریک مقاومت اسلامی جہاد کے سینئر رہنمانے کہاہے کہ خطے میں داعش جیسے دہشتگرد گروہوں کی تخلیق میں موساد اور سی آئی اے کا کردار واضح اور نمایاں ہیں۔عالمی اردو خبر رساں ادارے "نیوز نور" کی رپورٹ کیمطابق قدس نیوز ایجنسی کے ساتھ گفتگو میں فلسطینی تحریک مقاومت اسلامی جہاد کے سینئر رہنما "شیخ عبداللہ الشامی" نے کہاہے کہ صیہونی رژیم سیاست میں اپنا اثر و رسوخ بڑھانے کی خاطر مقبوضہ علاقوں میں نئی فضا قائم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔قدس نیوز کے نمائندے کے اس سوال کہ خطے میں سر گرم تکفیری دہشتگردوں کی تخلیق میں اسرائیل کا کیا کردار ہے کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ حقیقت اب سب پر عیاں ہوچکی ہے کہ داعش سمیت دیگر اسلام دشمن عناصر امریکی و اسرائیلی خفیہ ایجنسیوں کی ہی پیداوار ہے۔



مغربی کنارے میں صیہونی فوجیوں کے ہاتھوں فلسطینی نوجوانوں کی حالیہ حراست پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ صیہونی حکومت کی نئی پالیسیاں فلسطینی کارکنوں کی آواز کو دبانے کیلئے عمل میں لائی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ فلسطینی نوجوانوں کی حراست مقبوضہ علاقوں میں ناپاک یہودی منصوبوں کو لاگو کرنے کی ایک اور کڑی ہے۔واضح رہے کہ غاصب صیہونی حکومت ہر روز نت نئے حربے بنا کر مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں یہودیوں کو بسانے کی ناپاک سازشوں میں مصروف عمل ہے۔

## مسئلہ فلسطین کو اجاگر کرنے میں علماء کا کردار اہمیت کا حامل

تہران/نیوز نور: اسلامی جمہوریہ ایران کی پارلیمنٹ مجلس شورائے اسلامی کے اسپیکر نے کہا ہے کہ مسئلہ فلطین کو اجاگر کرنے میں علماء کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔عالمی اردو خبر رساں ادارے "نیوزنور" نے باوثوق ذرائع ابلاغ کے حوالے سے خبر دی ہے کہشام، لبنان، اور فلسطین میں فلسطینی کاز کے لئے کام کرنے والے علماء اور دانشوروں کے ساتھ ملاقات میں اسلامی جمہوریہ ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر "ڈاکٹر علی لاریجانی" نے کہا کہ فلسطینی اہداف اور امنگوں کو ذہنوں سے محو کرنے کی غرض سے کی جانے والی مذموم سازشوں سے موجودہ اور آئندہ نسلوں کو باخبر رکھنے میں علماء کے کردار انتہائی اہمیت کے حامل ہیں بانی انقلاب اسلامی امام خمینی (رح) کے افکار و نظریات کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں کہا کہ دنیا بھر کے مسلمانوں خاص طور سے فلسطینی بھائیوں کی حمایت کرنا ایران کے اسلامی انقلاب کے بنیادی اہداف میں سر فہرست ہے۔



## آل سعود یمن پر جارحیت فوری بند کرے/بانکی مون

جینوا/نیوز نور: اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نے حکومت آل سعود سے مطالبہ کیاہے کہ وہ یمن پر اپنی جارحیت فوری طور بند کرے۔عالمی اردو خبر رساں ادارے "نیوز نور" کی رپوٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل بان کی مون نے اپنے ایک بیان میں حکومت آل سعود سے مطالبہ کیاہے کہ وہ یمن پر اپنی جارحیت فوراً بند کرے۔انہوں نے بحران یمن کے حل سے متعلق جنیوا اجلاس میں شرکت کے لئے یمن کے مختلف گروہوں کی جانب سے آمادگی کے اعلان کو قابل ستائش قرار دیتے ہوئے کہاہے کہ اس سے یمن میں پائیدار سیاسی راہ حل ہموار ہوجائے گا۔اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نے اپنے اس بیان میں یمن کے متحارب دھڑوں سے مطالبہ کیا کہ وہ نیک نیتی کے ساتھ اور غیر مشروط طور پر جنیوا مذاکرات میں شرکت کرکے اپنے ملک میں ایک دائمی اور پائیدار سیاسی سمجھوتے کے حصول کی راہ ہموار کریں۔واضح رہے کہ یہ اجلاس 14جون کو ہوگا جس میں یمن کے تمام گروہوں کی شرکت سے دوبارہ امن مذاکرات شروع کئے جانے سے متعلق حالات ساز گار بنانے کے بارے میں تبادلہ خیال کیاجائے گا۔



## مغرب اور امریکہ امت مسلمہ کے درمیان اختلاف اور تفرقہ کی آگ بھڑکا رہا ہے/شیخ الازہر



مصر/نیوز نور/ مصر کی جامعۃ الازہر یونیورسٹی کے سربراہ نے کہاہے کہ مغرب اور امریکہ امت مسلمہ کے درمیان اختلاف اور تفرقہ کی آگ بھڑکا کر اپنے مفادات حاصل کرنا چاہتے ہیں۔عالمی اردو خبر رساں ادارے "نیوز نور" کی رپورٹ کے مطابق فرانس نیوز ایجنسی کے ساتھ انٹرویو میں مصر کی جامعۃ الازہر یونیورسٹی کے سربراہ "الشیخ احمد الطیب" نے بدنام زمانہ تکفیری دہشتگرد گروہ داعش کے حامی مغربی حکام اور امریکہ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ مغرب اور امریکہ مسلمانوں کے درمیان اختلاف اور تفرقہ کی آگ بھڑکا کر اپنے مفادات حاصل کرنا چاہتے ہیں۔داعش کے وجود میں آنے کے اسباب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے شیخ الازہر نے کہا کہ داعش کا غیر معمولی طور پر وجود میں آنا اور اتنی کثرت کے ساتھ عربی ممالک میں پھیلنا بغیر کسی طولانی منصوبہ اور ہدف کے ناممکن ہے۔انہوں نے کہا کہ عربوں کا یہ عقیدہ ہے کہ داعش کے وجود کو مغرب سے الگ نہیں کیا جاسکتا اور داعش کے ہاتھوں میں جو اسلحہ ہے وہ امریکی اسلحہ ہے اسے عرب ملکوں میں نہیں بنایا گیاہیں۔شیخ الازہر نے کہا کہ بدنام زمانہ تکفیری دہشتگرد گروہ داعش دن بدن مضبوط ہوتا جارہاہے اور اس کا اس قدر مضبوط ہونا بغیر کسی عظیم سرمائے کے ممکن نہیں ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ مغربی اتحاد داعش کو مٹانے کے بجائے پروان چڑھا رہاہے۔

# امت مسلمہ دہشتگردی کے خلاف متحد ہوجائے/ممتاز ایرانی اہلسنت عالم دین



زاہدان/نیوز نور/اسلامی جمہوریہ ایران کے ایک ممتاز سنی عالم دین نے کہاہے کہ دہشتگردی کے خلاف امت مسلمہ کا ایک جھٹ ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔عالمی اردو خبر رساں ادارے "نیوز نور" کی رپورٹ کیمطابق اسلامی جمہوریہ ایران کے صوبہ زاہدان کے امام جمعہ اور ممتاز عالم دین "مولوی عبدالحامد" نے دہشتگردی کے گندے رحجان کے خلاف امت مسلمہ کے اتحاد کو مضبوط کرنے پر زور دیا ہے۔انہوں نے کہاہے کہ عالمی طاقتیں دہشتگردی کے خلاف غلط پروپیگنڈا کرکے اصل میں ان گندے رحجانات کو اپنے ناجائیز مفادات کی خاطر استعمال کررہے ہیں۔انہوں نے کہاہے کہ جو بھی ان رحجانات کے خلاف لڑنے کا ارادہ رکھتاہے کو پہلے ان رحجانات کی وجوہات کی نشاندہی کرنی چاہئے اور پھر انکے خلاف صف آرا ہونا چاہئے لیکن عالمی طاقتوں نے ان رحجانات کے اسباب کو یکسر نظر انداز کردیا ہے۔فلسطینی مسئلے کی طرف اشارہ کرتیہوئے انہوں نے کہا کہ عالمی طاقتوں نے فلسطینیوں کے مطالبات اور دہائیوں سے جاری ان کی اسرائیلی جارحیت کے خلاف مقاومت کو نظر انداز کرکے ان کو بنیادی حقوق سے محروم رکھا ہے۔دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اسلامی جمہوریہ ایران کے کردار کی سراہنا کرتے ہوئے موصوف ممتاز اہلسنت عالم دین نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران دہشتگردی کے خلاف جنگ ایک موثر اور اہم کردار ادا کر رہا ہے۔انہوں نے کہاہے کہ دہشتگردی کا کسی بھی مذہب، ملت یا مسلک سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے اور دہشتگردی کی اس غلاظت کو ختم کرنے کیلئے شیعہ اور سنی مسلمانوں کو اپنے مشترکات پر عمل کرکے اسکو جڑ سے ہی ختم کرنے کا بیڑا اٹھانا چاہئے۔مولوی عبدالحامد نے مزید مسلمانوں خاص کر خطے کے ممالک پر زور دیاہے کہ وہ خطے اور دنیا میں پھیلی دہشتگردی کی لعنت سے چھٹکارا پانے کیلئے اسکے خلاف متحدہ ہوجائیں۔

## امام خامنہ ای اسلام و مسلمین کے دفاع کے حقیقی علمبردار/سید حسن نصراللہ

لبنان/نیوز نور/لبنانی تحریک مقاومت حزب اللہ کے سربراہ نے کہاہے کہ ولی فقیہ حضرت امام خامنہ ای اسلام و مسلمین کے دفاع کے حقیقی علمبردار ہیں۔عالمی اردو خبر رساں ادارے "نیوز نور" کی رپورٹ کے مطابق بیروت میں "امام خامنہ ای کے زاویۂ نگاہ سے اجتہاد اور جدت پسندی" کے زیر عنوان سمینار سے خطاب کرتے ہوئے لبنانی تحریک مقاومت حزب اللہ کے سربراہ سید حسن نصر اللہ نے کہا کہ ولی امر مسلمین جہاں آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای عظیم ترین مرجع تقلید اور عصر حاضر میں اسلام اور مسلمانوں کے دفاع کے حقیقی علمبردار ہیں۔انہوں نے کہا کہ ولی فقیہ حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید علی خامنہ ای عصری تقاضوں کے مطابق گفتگو فرماتے ہیں۔سید حسن نصر اللہ نے کہا کہ رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای مسائل و معاملات سلجھانے کی عظیم توانائی کے مالک ہیں اور جس منصب پر وہ فائز ہیں اس کے پیش نظریہ خصوصیت غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے۔حزب اللہ لبنان کے سربراہ نے کہا کہ ولی امر مسلمین جہاں آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای خطرات کو مواقع میں تبدیل کرنے کے طریقوں سے بھی مکمل واقف ہیں۔لبنانی تحریک مقاومت حزب اللہ کے سربراہ نے مزید کہا کہ بانی انقلاب اسلامی حضرت امام خمینی ؒ کی وفات کے بعد رہبر انقلاب اسلامی نے سخت حالات میں مسلمانوں اور امت اسلامیہ کی قیادت و رہنمائی کی ذمہ داری نہایت شائستہ طریقے سے انجام دی۔

## داعش اسلامی اتحاد کیلئے سنگین خطرہ/مفتی اعظم چیچنیا

نیوز نور: چیچن مسلم لیڈران کے سربراہ نے داعش کو ایک اسلام مخالف گروہ قرار دیتے ہوئے کہاہے کہ اس دہشتگرد گروہ سے اسلامی اتحاد کو سنگین خطرہ لاحق ہے۔عالمی اردو خبر رساں ادارے "نیوز نور" کی رپورٹ کے مطابق چیچن مسلم لیڈران کے سربراہ "صلاح حاجی" نے چیچنیا میں ایک پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ جمہوریہ کی فتویٰ کونسل نے اسلامی قوانین کے تحت منظوری دی ہے کہ جس کے مطابق داعش سے جڑے تمام افراد موت یا عمر قید کی سزا کے مستحق ہیں۔انہوں نے کہاہے کہ داعش کے مظالم کا شکار ہونے والی اکثریت مسلمانوں کی ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ یہ گروہ اسلامی قوانین و اصولوں کی خلاف ورزی کرکے دین اسلام کی تشریح ایک ظلم و تشدد کے مذہب کے طور پر کر رہاہے جو ایک سنگین جرم ہے۔انہوں نے مڈیا سے تاکید کی ہے کہ وہ داعش کے دہشتگردوں کی اسلامسٹ کے طور پر وضاحت کرنا بند کریں۔انہوں نے کہا کہ داعش کے وجود کے بعد اس گروہ کے مسلمانوں پر جرائم سے اسلام میں داخلی انتشار پیدا ہوگیاہے جو کہ اس دین الہیٰ کیلئے سنگین خطرہ ہے۔

# حقیقی نجات دہندہ کے اوصاف پر مبنی حاکموں کو بر سر اقتدار آنا ہو گا تو تبھی اصلی اور حقیقی نجات دہندہ آئیں گے



مہاجر عبدالحسین عبدالحسینی

اب کسی منجی اور نجات دھندہ کو آنا ہے اور ظہور کا مقدمہ ولایت فقیہ کا نفاذ ہے اور ولایت فقیہ کا تصور یہی ہے کہ ہر مذہب میں، ہر دین میں دیندار لوگ آگے آنے چاہئے تبھی وہ ظہور کرینگے۔ اگر ہندو انہیں کلکی کہہ رہے ہیں، اگر عیسائی انہیں یسوع اور مسیح کہتے ہیں، اگر سکھ ان کو گرو کہتے ہیں اور ہر دین و مذہب میں ایک نجات دھندہ کی آمد کا انتظار ہے اسلئے اس حقیقی نجات دہندہ کے اوصاف پر مبنی حاکموں کو بر سر اقتدار آنا ہو گا تو تبھی اصلی اور حقیقی نجات دہندہ آئیں گے۔ اور یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر جگہ اسلام کی حکومت ہو۔ نہیں ہر مذہب میں جہاں عیسائی رہتے ہیں وہاں بائبل کی حکومت ہو، جہاں ہندو رہتے ہیں وہاں گیتا اور ویدوں کی حکومت ہو، جہاں یہودی ہیں وہاں توریت کی حکومت ہو غرض انسانوں پر الٰہی حکومت حاکم ہو اور ایسے میں سوال پیش آجائے گا کہ کس کا فلسفہ صحیح ہے تو اس وقت ظہور امام زمانہ (عج) ہر چیز کو احاطہ کرے گا اور وہ وعدہ الٰہی جس کی تکمیل کیلئے انبیاء و اوصیا منتظر رہے ہیں اور جو مذہب کے بارے میں سوال کرتے ہیں تشنہ لب ہیں ہر کسی کیلئے جواب ملے گا اور ظلم کا خاتمہ ہو گا اور ہر جگہ انصاف کی حاکمیت ہو گی اور امام معصومؑ نے امام زمانہ (عج) کے دور کے انصاف کے بارے میں یوں فرمایا ہے کہ امام زمانہ عج ظہور کریں گے اور دنیا کو عدل و انصاف سے پُر کرینگے جبکہ وہ ظلم و جور سے پُر ہوا ہو گا۔ امام معصوم اس کی تعبیر یوں کرتے ہیں کہ جس طرح گرمی اور سردی ہر جگہ پہنچتی ہے گھر کے کونے کونے میں پہنچتی ہیں اسی طرح عدل و انصاف سماج کے ہر ذرے میں نفوذ کر جائے گی دنیا کے ذرہ ذرہ پر انصاف کی حکومت حکم فرما ہو جائے گی۔ اور اس سے پتہ چلتا ہے کہ کتنا ہی جامع امام زمانہ (عج) کا ظہور ہو گا اور اسی لئے ہر انسان اس ظہور کا تشنہ ہے کہ کب وہ ظہور کرینگے اور انسان کو انصاف کے سایے میں زندگی کرنے کا شرف حاصل ہو گا۔

عالمی اردو خبر رساں ادارے نیوز نور کی رپورٹ کے مطابق لندن سے نشر ہونے والے سٹلائیٹ چینل ہدایت ٹی وی کے صبح ہدایت نامی پروگرام میں بین الاقوامی امور پر مباحثے میں **10** جون کو براہ راست مکالمے میں ایران کے مقدس شہر میں مقیم نیوز نور کے چیف ایڈیٹر مہاجر عبدالحسین عبدالحسینی سے پروگرام کے میزبان جناب سید علی موسوی صاحب نے پوچھا:

س) قبلہ یہ جو ترکی کے حالات دگر گوں ہوئے ہیں اس بارے چاہیں گے کہ آپ ہمارے ناظرین کیلئے کچھ گفتگو فرمائیں؟

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: اردوغان کی جو شکست ہوئی ہے اس سے بہت سارے پیغام مل رہے ہیں۔ کہ انصاف اور ترقی پارٹی، ترکی کی رولنگ پارٹی ہوتے ہوئے جو بعض نے امید ظاہر کی تھی کہ وہ اس بار کچھ زیادہ مضبوط طریقے سے بھرپور حمایت حاصل کرکے گورنمنٹ بنائے گی۔ لیکن نتائج اسکے برعکس اس لئے سامنے آئے کہ ان کی دوغلی پالیسی رہی ہے۔ ایک طرف سے انکی اسرائیل اور امریکہ کی چاپلوسی اور جی حضوری کرنا اور دوسری طرف سے اسلام نوازی کا نعرہ دینا۔ اور انتخابی نتائج سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ عوام اس دوغلے پن سے بخوبی آشنا ہوتے جا رہے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اردوغان کو اتنی بڑی شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

تو ظاہر سی بات ہے کہ جو خطے میں جو حالات جاری ہیں وہ عوام کو حقیقت میں بیدار کرنے میں اچھا خاصا رول ادا کر رہے ہیں۔ جو خطے میں عوامی حاکمیت کا جو فقدان رہا تھا اور انقلاب اسلامی ایران کی بدولت اس خطے میں عوامی حاکمیت کا دور شروع ہوا ہے اور جمہوریت کا حقیقی اور اصلی دور شروع ہوا ہے اور اس پہ سونے پہ سہاگا کہ جو کھویا ہوا الٰہی میراث جو مسلمانوں نے انسانیت کے لئے تحفہ لایا ہے کہ انسان پر انسان حکومت نہیں کرسکتا ہے بلکہ انسان پہ صرف خالق انسان ہی حکومت کرسکتا ہے۔ یعنی انسان پر صرف الٰہی قواعد حاکم ہوسکتے ہیں نہ انسان کے بنائے ہوئے قواعد۔ تو اس [الٰہی میراث] کی طرف ایک رجحان بڑھا ہے [کہ دین اور سیاست ایکدوسرے کے لازم و ملزوم ہیں نہ کہ دو الگ الگ میدان جس طرح سیکولر نظریہ کا دعوی ہے] البتہ کوئی ایک انداز میں بیان کر رہا ہے کوئی کسی دوسرے انداز میں۔

مگر کیا یہ بات دنیا نے بار بار ثابت کر دنہیں کھائی ہے کہ انسان کی جو تدبیریں ہیں وہ ناقص رہتی ہیں اور ان میں خامیاں سامنے نکل آتی ہیں۔ البتہ جو خالق کائنات کا لائحہ عمل ہے وہ حضرت آدمؑ سے لیکر صبحِ قیامت تک ایک جیسا رہا ہے تو اس پہ جو اعتماد بڑھ رہا ہے انشاء اللہ یہ بھی ایک نوید اور خوشخبری ہے کہ ترکی میں اگر کل جہاں اسلام کا شیرازہ بکھرا تھا اور خلافت عثمانیہ میں جتنی بھی خامیاں تھی لیکن پھر بھی امت اسقدر بکھری نہ تھی اور سلسلہ خلافت کا جنازہ اسی ترکی میں اٹھایا گیا، اور آج اگر ترکی والے اس اہمیت کو سمجھیں گے اس میراث کو دوبارہ زندہ کرنے کیلئے لگتا ہے کہ مناسب وقت آچکا ہے۔

س) مگر یہاں پر ایک اور سوال پیدا ہوتا ہے کہ ٹھیک ہے عوامی بیداری آرہی ہے اور آمریت اور استعمار کیلئے مشکلات کھڑی ہو رہی ہیں۔ لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ گذشتہ کچھ سالوں سے انہوں نے ہزاروں دہشتگردوں کو ٹرین کرکے شام میں بھیجا اور ملک شام تباہ ہوا، مسلمانوں کے گھر اجڑے، لاکھوں کی تعداد میں لوگ پناہ گزیں ہوئے، تمام کام تو ان سے لے لیا گیا ہے۔ اگر اب وہ رخصت بھی ہو جاتے ہیں تو اسے زیادہ کیا فرق پڑے گا؟

ج) دیکھئے جس نے یہ آگ لگائی ہے اس کا گھر بھی جل جائے گا اور نتیجہ یہی ہو گا کہ یہ جو نقلی اسٹیٹ وجود میں لائی گئی ہے اسرائیل نام سے۔ وہ نابودی کی طرف قدم بڑھانے لگی ہے اور اس کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے۔ اس سے پتہ چل رہا ہے کہ سامراج خاص کر امریکہ اسرائیل بچانے کا گیم پلان کیا ہے وہ یہ کہ عالم اسلام کو آپس میں الجھائے رکھنا ہے۔ جسے امریکی اسلام کہتے ہیں۔ امریکی اسلام کی اصطلاح امام خمینیؒ کی اختراح تھی کہ وہ اسے امریکی اسلام کہتے تھے۔ تو امریکی اسلام کیا ہوا وہ یہی ہوا کہ "شوگر کوٹڈ فارم" میں زہر پلائی جائے۔ بظاہر اسلام دکھایا جائے مگر اسلام کی بیخ کنی کی جائے۔ اگرچہ اس سے عالم اسلام کو بہت نقصان ہو رہا ہے جو انہوں نے دہشتگرد تیار کئے ہیں مگر اس سے قطعاً خود جنہوں نے ان کو پیدا کیا ہے تیار کیا ہے ان کیلئے مصیبت کھڑی ہوتی ہے کیونکہ خطے نے یہ بھی دیکھا کہ خطے میں امریکا کے لئے جو سب سے محفوظ ٹھکانہ تھا وہ ایران تھا۔ شاہ ایران امریکا کا سب سے بڑا وفادار مانا جاتا تھا اور امریکہ کا دوسرا گھر ایران سمجھا جاتا تھا۔ مگر وہی ایران اب امریکہ کو سب سے بڑا چیلنج کرنے والا ملک بن چکا ہے اور ایران امریکا کا سب سے بڑے دشمن کے طور پر ابھی ابھر کر سامنے آیا ہے۔

مصر اور حسنی مبارک بالکل شاہ ایران کی طرح امریکہ کا دوسرا گھر اور سب سے وفادار تھا۔ مگر اس کا کیا حشر ہو گیا۔ ابھی یہی حال ہر جگہ مشاہدہ ہو گا چاہے وہ ترکی ہو یا سعودی عرب ہو یا قطر یا کوئی اور امریکا نواز ملک سب کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے اور امریکہ کو بھی ہم دیکھ رہے ہیں کہ وہ لنگڑے گھوڑوں کے پیچھے نہیں چلتے، گھوڑا لنگڑا ہو گیا تو وہ اس کو گولی مارتے ہیں۔ تو اگر انہوں نے مسلمانوں کو، عالم اسلام کو نقصان پہنچانے کیلئے دہشتگرد تیار کئے ہیں اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مسلمان ہمیشہ اتنا بیوقوف بنا رہے کہ وہ دوسرے کا آلہ کار بن کے صرف اسلام اور مسلمانوں کی بیخ کنی میں مشغول رہے گا۔ آج نہ کل یہی جو دہشتگرد ہیں وہ کسی جگہ اپنا ٹھکانہ نہیں پائیں گے۔

آپ شام کی مثال لیجئے لوگوں کو یہ کہا گیا کہ وہاں اکثریت سنیوں کی ہے مگر حکومت شیعہ کر رہا ہے مثلاً بشار الاسد شیعہ ہے جبکہ حقیقت یہ نہیں وہ بھی سنی ہے۔ اور سنی اس پہ حکومت کر رہے ہیں۔ اور یہ لوگ اقلیت شیعہ اکثریت سنیوں کو مار رہے ہیں وغیرہ اور دنیا بھر سے انہوں نے سنی جوانوں کے ساتھ استحصال کیا بہکاوے میں سنیوں کو بچانے اور اسلام کی مدد کرنے کے نام پر جمع کئے وہ آئے اسلام کی مدد کرنے کیلئے اور پھر جب انہوں نے شام میں دیکھا کہ نہیں وہ شیعوں کا قتل نہیں کر رہے ہیں وہ سنیوں کا قتل کر رہے ہیں۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ جو ایران کی لہجے میں بات کرے گا، جو امریکہ کی مخالفت میں بات کرے گا، جو اسرائیل کی مخالفت میں بات کرے گا وہ شیعہ ہے۔ مگر پھر ان کو پتہ چلا کہ نہیں یہ بات کرنے والا صرف شیعہ نہیں بلکہ سنی بھی ہے۔ اس بیچ وہاں بڑے بڑے اہلسنت علماء شہید کئے گئے لیکن پروپگنڈا ناکام ہوا اور ان کی وہ پالیسی کافی حد تک ناکام ہو گئی۔ اور پھر اس عنوان سے وہ ان کو ریکروٹ کرنے میں سنیوں کو یہاں شام میں اس حد تک کامیاب نہیں ہوئے یعنی لوگ بیدار ہو گئے۔

س) ایک اور رپورٹ سامنے آگئی ہے ابھی ایک رشین نیوز ایجنسی کی ہے کہ امام سید علی خامنہ ای کی رہبریت کے حوالے سے تجزیہ پیش کیا ہے آپ اس کے بارے کیا کہتے ہیں؟

ج) الحمد اللہ۔ جزاک اللہ۔ آپ نے بہت ہی ایک ظریف نقطے کو اٹھایا ہے۔ دیکھئے یہ اپنی جگہ پہ بہت بڑی بات ہے کہ ریشیا کی اتنی معتبر نیوز ایجنسی اسپوٹنیک **Sputnik** ے امام خامنہ ای کے اُس پورے خطبے کا جو امام خمینیؒ کے چھبیسویں سالگرہ کے موقعہ پہ امام خمینیؒ کے مرقد پہ عالمی سفیروں کے مجمعے میں پورے ایران کے لوگوں کے مجمعے میں امام خامنہ ای نے حقیقت اسلام کا وہ چہرہ دکھایا، قرآن کا وہ چہرہ دکھایا کہ اسلام استعمار سے کے دباو میں نہیں آتا ہے کیونکہ وہ صرف اسلام کا مطیع محض ہے کا تجزیہ پیش کیا ہے۔

اس ایجنسی نے کئی زاویوں سے امام کے خطبے کا تجزیہ کرتے ہوئے دنیا سے سوال کیا کہ آپ امام خامنہ ای کو صرف ایک مرجع تقلید ہی نا دیکھیں وہ وہاں کے صرف ایک قائد نہیں ہیں بلکہ کامیابی کے لئے آپ سیاست ان سے سیکھیں۔

میرا ماننا ہے کہ یہ جو مسلمانوں کے دشمن کو کھٹکتی ہے وہ یہی ہے کہ ایک صالح انسان، ایک خدا ترس انسان، جو خدا کی رضا حاصل کرنے کے لئے خدا کے بندوں کی خدمت کرنے کیلئے باصطلاح حاکم نہیں دیکھنا چاہتے ہیں جو کہ سب سے زیادہ اس منصب کے ذمہ دار اور مستحق ہیں نہ کہ وہ ڈاکو اور رہزن کہ جس کا کام ڈاکہ زنی اور راہزنی ہے اور اس بات کو اجاگر کرنے میں روسی تجزیہ نگار نے امام خامنہ ای کے خطبے کے پیغام سے ان نکات کو خاص جگہ دے کر سوال کھڑے کئے ہیں۔

امام خامنہ ای کے پورے خطبے کو انہوں نے بہت ہی ظریف انداز میں تجزیہ کیا ہے اور قومی اور بین الاقوامی دونوں پہلوؤں کی طرف اشارہ کیا۔ ایک یہ کہ جو امام کے تقریر میں ان ایرانی افراد کی طرف اشارہ تھا کہ وہ جو یہ سمجھتے ہوں کہ امریکہ کے ساتھ اور یورپ کے ساتھ سمجھوتہ نہ کرنے اور اپنے اسلامی اصول اور اقدار کی پاسبانی کے لئے ڈٹے رہنے سے یہ سمجھتے ہیں کہ شاید ہمیں اس سے نقصان ہو رہا ہے اور اگر ہم امریکہ کی ہاں میں ہاں ملائیں شاید اس سے ایران ترقی کرے گا۔ یا اور کچھ ایسے بھی لوگ ہیں بڑے سیاستداں جو کہ اب یہ کوشش کر رہے ہیں کہ امام خمینیؒ کی باتوں نقل کرتے ہیں ہوئے اظہار کرتے ہیں کہ اگر امام خمینیؒ آج ہوتے وہ بھی آج سمجھوتے کی بات کر رہے ہوتے۔ تو ایسے داخلی مسائل کو جس طرح امام خامنہ ای نے امام خمینی رضوان اللہ تعالی علیہ کو تحریف کرنے کے عنوان سے یاد کیا کرتے ہوئے مدلل اور مستند انداز میں اپنے انقلابی عوام میں ایک نئی روح پھونک دی اسکا بھی بخوبی تجزیہ کیا ہے۔

روسی نیوز ایجنسی اسپوٹنیک **Sputnik** نے امام خامنہ ای کے تقریر کے دوسرے پہلو یعنی بین الاقوامی سطح کے حوالے سے جو واضح پیغام دیا اسکا بھی بخوبی احاطہ کیا ہے۔ خاص کر امام خامنہ ای کا یہ جملہ جو کہ میں سمجھتا ہوں یہ امام خمینیؒ کی ذات ہے جس نے پولیٹیکل سائنس میں سپر پاور کے دعویدار کا تعارف اسقدر جامع الفاظ میں دیا ہے اور امریکہ کو "شیطان بزرگ" کا خطاب دیا ہے۔ یہ سب سے جامع ترین نام ہے جو کہ امریکا کے حقیقی چہرے کو بیان کرتا ہے اور یہ بات ہر دم ثابت ہو رہی ہے کہ امریکہ کی پالیسی کیا انسان دوستی پر مبنی ہے؟ یا وہ سرمایہ دارانہ نظام اور سامراجی نظرئے کے علمبردار ہیں؟۔ تجزیہ نگار نے امام خامنہ ای کے بیانات میں سے اس نکتے کی طرف بھی بخوبی توجہ کی ہے اسی طرح امام خامنہ ای کا وہ جملہ جس میں آپ نے امریکی صدر اوباما کا آپ کو خط لکھنے کی طرف اشارہ کرنے کے بجائے سابق امریکی صدر کا امام خمینیؒ کو محترمانہ اور مودبانہ خط جو لکھا تھا اور دوسری طرف پیٹ پیچھے خنجر گھونپتے رہے اس کی طرف بھی اس تجزیہ نگار نے اچھا خاصا تجزیہ کیا ہے کہ امام خامنہ ای نے یہی پیغام دیا ہے کہ جو ابھی اوباما نے مجھے خط لکھا ہے وہ بھی ماضی کی طرف فریب کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ یعنی ہم آپ کے صرف محترمانہ اور مودبانہ انداز میں پیش آنے کو نہیں دیکھتے ہیں بلکہ جب ہمارا آپ سے یعنی امریکہ سے، یورپ سے اور اسلام دشمن عناصر سے آمنا سامنا ہوتا ہے ہم نہ صرف حال کو دیکھتے ہیں ہم ان کی پوری تاریخ کا تجزیہ کرتے ہیں ان کا چٹا بٹھا دیکھ کے پھر ہم ان کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ یعنی آپ جتنی بھی سازشیں کریں آپ اب مسلمان کو بیوقوف نہیں بنا سکتے۔ آپ اسلامی اقدار کو مسخ نہیں کرسکتے ہیں۔

